Psykisk helse

URDU

# جبر کی صورت میں قانونی تحفظ

## Rettssikkerhet ved tvang



Kontrollkommisjonene i det psykiske helsevern




نفسیاتی صحت کے نظام کے نگران کمیشنوں کا اہم ترین فریضہ آپ کے قانونی حقوق کی حفاظت کرنا ہے۔

نفسیاتی صحت کے نظام کے تحت تمام ادارے، ڈسٹرکٹ سائیکائٹرک سنٹر اور پولی کلینک ایک نگران کمیشن سے منسلک ہوتے ہیں۔

نگران کمیشن کا سربراہ ایک قانون دان ہوتا ہے اور اس کے علاوہ کمیشن میں ایک ڈاکٹر اور دو دوسرے ارکان ہوتے ہیں۔ ان دونوں ارکان میں سے ایک رکن ایسا ہونا ضروری ہے جو خود مریض رہ چکا ہو یا کسی مریض کا قریبی عزیز ہو یا اپنی پیشہ ورانہ حیثیت یا عہدے کے سبب مریضوں کے مفادات کی نمائندگی کرتا رہا ہو۔

## نگران کمیشن کے فرائض

- نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے فیصلے (مریض کو جبرا" علاجگاہ میں داخل کرنا) اور جبر کے استعمال کے دوسرے فیصلوں کے خلاف اپیل نگران کمیشن کو دی جاتی ہے۔
- نگران کمیشن خود پہل کرتے ہوئے، یعنی اپیل سے قطع نظر، نفسیاتی صحت کا جبری تحفظ شروع کرنے کے تمام فیصلوں کا جائزہ لیتا ہے، تین مہینے گزرنے کے بعد خود بخود فیصلے پر دوبارہ غور کرتا ہے اور اگر جبری تحفظ صحت کو ایک سال سے زیادہ عرصہ جاری رکھنا مطلوب ہو تو اس کیلئے کمیشن کی اجازت ضروری ہے۔
- نگران کمیشن مریض کی رضامندی کے بغیر علاج (جبرا" دوا دینا، جبرا" خوراک کھلانا) کے سلسلے میں اور جبری ذرائع کے استعمال کی نگرانی کرتا ہے۔ علاوہ ازیں کمیشن آپ کی بہتری کیلئے جس قسم کی نگرانی اور چیکنگ ضروری سمجھے، وہ انجام دیتا ہے۔



## آپ ان معاملات میں اپیل کر سکتے ہیں - - -

مریض یا مریض کے نزدیک ترین رشتہ دار کی حیثیت سے آپ ان معاملات میں کیے جانے والے فیصلوں کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں:

- مشاہدہ یا نفسیاتی صحت کا جبری تحفظ (مریض کی مرضی کے خلاف علاجگاہ میں داخلہ)
- نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کو جاری رکھنا یا ختم کرنا


اگر نفسیاتی صحت کے تحفظ کے قانون میں درج شرائط پوری نہ پائی جائیں تو آپ کو نفسیاتی صحت کےجبری تحفظ کے تحت نہیں رکھا جا سکتا۔ فیصلہ کرنے والا اس امر کا لگاتار جائزہ لیتا رہے گا کہ کیا یہ شرائط پوری پائی جاتی ہیں، اور شرائط پوری نہ ہونے کی صورت میں تحفظ ختم کر دے گا (مریض کو علاجگاہ سے خارج کر دیا جائے گا)۔ آپ یا آپ کے لواحقین جب چاہیں، مطالبہ کر سکتے ہیں کہ نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کو ختم کر دیا جائے

- 12 سے 16سال عمر کے بچوں کی نفسیاتی صحت کا تحفظ شروع کرنا

16سال سے کم عمر کے بچوں کی نفسیاتی صحت کا تحفظ شروع کرنے کیلئے اس شخص یا ان لوگوں کی اجازت ضروری ہوتی ہے جو بچے کی سرپرستانہ ذمہ داری رکھتے ہیں۔ اگر بچہ 12 سال کا ہو چکا ہو اور خود فیصلے سے متفق نہ ہو تو نگران کمیشن نفسیاتی صحت کا تحفظ شروع کرنے کے معاملے کا فیصلہ کرے گا۔

- تین ہفتوں تک کیلئے نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے اصولوں کے تحت آنے کیلئے رضامندی

جب آپ کی مرضی سے آپ کی نفسیاتی صحت کا تحفظ کیا جا رہا ہو تو آپ تین ہفتوں تک کیلئے نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے اصولوں کے تحت آنے کیلئے رضامندی دے سکتے ہیں۔ جب ذمہ دار ماہر آپ کی رضامندی طلب کرنے کا فیصلہ کرے تو اس فیصلے کو نگران کمیشن کے روبرو پیش کیا جا سکتا ہے۔




- کسی دوسرے ادارے یا اقدام میں منتقلی

کسی دوسرے منظور شدہ ادارے میں قیام کیلئے منتقلی یا ادارے کی ذمہ داری کے تحت اقدام میں لائے جانے کے خلاف اپیل کی جا سکتی ہے۔ ایسے فیصلے پر اپیل کی صورت میں بالعموم اپیل کا فیصلہ ہونے سے پہلے مریض کو منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم اس اصول کا اطلاق تب نہیں ہو گا جب آپ کی حالت کے سبب بلاتوقف منتقلی عین ضروری ہو۔

- نفسیاتی صحت کا تحفظ انجام دینے کے دوران جبری ذرائع اور پابندیوں کا استعمال


محض نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے تحت آنے سے خود بخود جبری اقدامات شروع کرنے کا جواز پیدا نہیں ہوتا ۔جبری اقدامات صرف اسی صورت میں شروع کیے جا سکتے ہیں جب قانونی بنیاد پر اس کا خصوصی فیصلہ کیا جائے اور جبر کا استعمال صرف تبھی کیا جا سکتا ہے جب یہ انتہائی ضروری پایا جائے۔



جن فیصلوں کے خلاف نگران کمیشن کو اپیل دی جا سکتی ہے، وہ یہ ہیں:
- الگ رکھنا
- ملاقاتیوں سے ملنے، فون استعمال کرنے، پارسل اور ڈاک بھیجنے اور وصول کرنے کے حق پر پابندیاں
- کمرے اور ذاتی سامان کی چیکنگ اور جسمانی تلاشی
- چھاپہ
- پیشاب کے نمونے حاصل کرنا
- جبری ذرائع کا استعمال (مکینیکل ذرائع جبر، تنہائی، تھوڑے وقت کیلئے اثر کرنے والی ادویات)

مریض کی رضامندی کے بغیر معائنے اور علاج (جبری علاج) کے فیصلے کے خلاف کاؤنٹی کمیشنر (fylkesmannen) کے پاس اپیل کی جا سکتی ہے۔

تاہم نگران کمیشن ہر قسم کے جبری علاج کے ضمن میں خود جبری علاج کے ریکارڈ کا جائزہ لے کر نگرانی کرتا رہتا ہے۔



## اپیل کرنے کا طریقه

نگران کمیشن سے زبانی یا تحریری طور پر اپیل کی جا سکتی ہے۔ یه اپیل ادارے کے عملۂ صحت کے سامنے کی جا سکتی ہے جو اسے آگے نگران کمیشن تک پہنچاتا ہے۔ یا براہ راست نگران کمیشن سے اپیل کی جا سکتی ہے یعنی فون یا خط کے ذریعے، یا جب نگران کمیشن ادارے میں موجود ہو۔

اگر ضرورت ہو تو ادارے کا عملۂ صحت آپ کو اپیل لکھنے میں مدد دے گا۔

## مفت وکیل حاصل کرنے کا حق

مریض کی حیثیت سے آپ کو مندرجه ذیل فیصلوں کے خلاف اپیلوں کے سلسلے میں مفت قانونی مدد یعنی وکیل کی مفت مدد لینے کا حق حاصل ہے:

- آئندہ معائنه (مشاہدہ)
- نفسیاتی صحت کا جبری تحفظ (مریض کی مرضی کے بغیر علاجگاہ میں داخله) شروع کرنے، جاری رکھنے یا ختم کرنے کا فیصله
- منتقلی

آپ کو نگران کمیشن کے فیصلے کے خلاف عدالت میں اپیل کرنے پر بھی مفت قانونی مدد کا حق حاصل ہے۔ اس کیلئے ضروری ہے که جس فیصلے کے خلاف اپیل کی جا رہی ہو، وہ اب بھی مؤثر ہو۔

اگر آپ اپنی مرضی کے بغیر معائنے اور علاج کے فیصلے کے خلاف کاؤنٹی کمیشنر سے اپیل کرنا چاہتے ہوں تو آپ کو وکیل سے پانچ گھنٹوں تک کی مفت قانونی مدد لینے کا حق حاصل ہے۔

نگران کمیشن یه یقینی بنائے گا که آپ کا وکیل سے رابطه کرایا جائے۔



## آپ کی اپیل پر کارروائی اس طرح کی جاتی ہے



اپیل کے کیس کا فیصلہ کرنے سے پہلے نگران کمیشن یہ یقینی بنائے گا کہ کیس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات اکٹھی کر لی گئی ہیں۔

کیس کی تیاری کے سلسلے میں نگران کمیشن یہ تقاضا کر سکتا ہے کہ فیصلہ کرنے کا ذمہ دار ماہر اپنے فیصلے کی تحریری وضاحت پیش کرے۔


نگران کمیشن کے فیصلہ سنانے سے پہلے ہمیشہ آپ کو یا آپ کے لواحقین کو اپنا مدعا بیان کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

جو کیس آئندہ معائنے (مشاہدے ) کے خلاف اپیل یا نفسیاتی صحت کا جبری تحفظ شروع کرنے، جاری رکھنے یا ختم کرنے کے خلاف اپیل سے تعلق رکھتے ہوں، نیز منتقلی کے کیسوں میں، اپیل کا فیصلہ کرنے سے پہلے ایک میٹنگ رکھی جائے گی۔ مریض کی حیثیت سے آپ کو (یا آپ کی نمائندگی کرنے والے کسی شخص کو) اس میٹنگ میں موجود رہنے کا حق حاصل ہے۔

نگران کمیشن کیس کا تحریری اور مدلّل فیصلہ کرے گا۔ عام اصول یہ ہے کہ اپیل داخل کرانے کے بعد دو ہفتوں کے اندر اس کا فیصلہ کیا جائے گا۔ آپ کو فیصلے کے ساتھ دلائل بھی مہیا کیے جائیں گے۔

ادارے کا فیصلہ بھی اور نگران کمیشن کا فیصلہ بھی نارویجن زبان میں کیا جائے گا۔ اگر آپ نارویجن نہیں سمجھتے یا کسی اور وجہ سے فیصلہ پڑھ یا سمجھ نہیں سکتے تو آپ کو اس کے مواد کے بارے میں رہنمائی لینے کا حق حاصل ہے اگر ضرورت ہو تو مترجم کی مدد سے۔

اگر نگران کمیشن جبری مشاہدے، جبری تحفظ صحت یا منتقلی کے خلاف اپیل کو مسترد کر دے تو کم از کم چھ مہینے گزرنے سے پہلے ایسی ہی اپیل دوبارہ داخل نہیں کی جا سکتی۔



## نگران کمیشن کے فیصلے کے خلاف اپیل

بعض صورتوں میں آپ یا آپ کے لواحقین نگران کمیشن کے فیصلے کے خلاف عدالت میں اپیل کر سکتے ہیں۔

یہ ان معاملات میں ممکن ہے:

- نفسیاتی صحت کا جبری تحفظ شروع کرنے یا جاری رکھنے کا کیس
- نفسیاتی صحت کا جبری تحفظ کرنے والے غیر اقامتی ادارے سے مریض کی ایسے اقامتی ادارے میں منتقلی جس میں اسے دن رات مقیم رہنا ہو


## نگران کمیشن خود قدم اٹھاتا ہے

نگران کمیشن کا فرض ہے کہ خودبخود نگرانی کرتا رہے کہ جبری داخلے کے رسمی تقاضے پورے ہوتے ہیں اور فیصلہ قانون میں درج شرائط کی درست جانچ پر مبنی ہے۔

اس مقصد کیلئے نفسیاتی صحت کے اداروں پر لازم ہے کہ وہ مزید معائنے یا نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے تمام فیصلوں کی کاپی کمیشن کو بھیجیں۔ ادارے کمیشن کو وہ دستاویزات بھی بھیجیں گے جن کی بنیاد پر فیصلہ کیا گیا ہے۔

قطع نظر اس کے کہ نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے فیصلے کے خلاف اپیل کی جاتی ہے یا نہیں، نگران کمیشن مریض کو داخل کیے جانے کے تین ماہ بعد خودبخود غور کرے گا کہ آیا مزید جبری تحفظ کی ضرورت ہے یا نہیں۔

اگر جبری تحفظ شروع کیے جانے کے ایک سال بعد جبری تحفظ کو جاری رکھنا مطلوب ہو تو اس کیلئے نگران کمیشن کی اجازت ضروری ہے۔




# نگران کمیشن کا فلاحی انسپیکشن

نگران کمیشن ہر مہینے کم از کم ایک مرتبہ ایسے اداروں اور شعبوں کا دورہ کرے گا جن کیلئے نفسیاتی صحت کے جبری تحفظ کے ضمن میں مریضوں کو دن رات مقیم رکھنے کی ذمہ داری منظور کی گئی ہے۔ نگران کمیشن کیلئے دوسرے اداروں کا دورہ سال میں کم از کم چار مرتبہ کرنا ضروری ہے۔ ان میں سے کچھ دورے اطلاع دیے بغیر کیے جائیں گے۔


نگران کمیشن اپنے دورے کے دوران مریضوں سے ملتا ہے اور اس وقت آپ ادارے میں اپنے قیام کے سلسلے میں اہم معاملات پر بات چیت کر سکتے ہیں۔ جہاں تک ممکن ہو، نگران کمیشن مشورہ اور مدد فراہم کرے گا۔

نگران کمیشن پابندیوں کے استعمال پر نظر رکھے گا جس کا مطلب یہ ہے کہ کمیشن مریض کو الگ رکھنے، جبری ذرائع، کمروں اور ذاتی اشیاء کے بارے میں تمام فیصلوں کو پڑھے گا۔ اپنے دورے کے دوران کمیشن جبری علاج، ذرائع جبر اور مریض کو الگ رکھنے کے ریکارڈ کو بھی چیک کرے گا۔



نگران کمیشن یہ بھی دریافت کرے گا کہ آیا ادارے میں اندرونی نظم و ضبط کے قواعد موجود ہیں اور اگر ایسے قواعد ہوں تو کیا یہ قانون کے مطابق ہیں۔

اگر ادارے میں تشویشناک حالات پائے جائیں تو نگران کمیشن کاؤنٹی کمیشنر کو آگاہ کرے گا اور وہ ادارے کے سربراہ یا جبری فیصلے کے ذمہ دار ماہر کے ساتھ بھی ان حالات پر بات چیت کر سکتا ہے۔




# مریضوں اور صارفین کے حقوق

دوسرے مریضوں اور ان کے لواحقین کی طرح نفسیاتی صحت کے نظام میں بھی مریضوں اور لواحقین کو 'مریضوں اور صارفین کے حقوق کے قانون' کے تحت حقوق حاصل ہیں۔

اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ انہیں ضروری علاج کا حق، منصوبہ بندی کے تحت داخلے کی صورت میں علاج کے آزادانہ انتخاب کا حق، انفرادی پلان کا حق، معلومات اور شرکت کار کا حق اور طبی ریکارڈ دیکھنے کا حق حاصل ہے۔
عملۂ صحت اور نگران کمیشن دونوں رازداری کے پابند ہیں۔

نگران کمیشن مریضوں اور صارفین کے حقوق کے قانون کی خلاف ورزی کی شکایات پر کارروائی نہیں کرتا۔ ایسے کیسوں میں کاؤنٹی کمیشنر کے پاس شکایت کی جاتی ہے۔ آپ کو www.helsenorge.no پر مریضوں اور صارفین کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات ملیں گی۔





# کارآمد پتے


**Fylkesmannen** (کاؤنٹی کمیشنر)، www.fylkesmannen.no

**Statens helsetilsyn** (صحت کا نگران بورڈ) ، Postboks 8128 Dep, 0032 Oslo
فون نمبر: 21 52 99 00 ، www.helsetilsynet.no

**Pasient- og brukerombudet** (مریضوں اور صارفین کے امور کا نگران)،
www.helsenorge.no/pasient-og-brukerombudet

**Sivilombudsmannen** (نارویجن پارلیمنٹ کی جانب سے سرکاری انتظامیہ کا نگران)،
Postboks 3 Sentrum, 0101 Oslo، فون نمبر: 22 82 85 00 ۔ گرین نمبر: 80 08 00 39
www.sivilombudsmannen.no

**Helsedirektoratet** (ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ)،
Postboks 7000 St. Olavs plass, 0130 Oslo، فون نمبر: 24 16 30 00،
www.helsedirektoratet.no



**Helse- og omsorgsdepartementet** (صحت اور دیکھ بھال کی وزارت)،
Postboks 8011 Dep, 0030 Oslo، فون نمبر: 22 24 90 90، www.hod.dep.no


**صارفین کی تنظیمیں:**

**Mental Helse** (ذہنی صحت)، Storgata 38, 0182 Oslo، فون نمبر: 09875،
www.mentalhelse.no

**Landsforeningen for Pårørende innen Psykisk helse (LPP)**
(نفسیاتی مریضوں کیلئے لواحقین کی ملک گیر تنظیم)، Karl Johans gate 6, 0154 Oslo
فون نمبر: 21 07 54 33، www.lpp.no

**Organisasjonen Voksne for Barn** (تنظیم بچوں کے حق میں بالغ افراد)،
Stortorvet 10, 0155 Oslo، فون نمبر: 48 89 62 15، www.vfb.no


**Norsk pasientforening**، (نارویجن مریضوں کی تنظیم)،
Postboks 376 Sentrum, 0102 Oslo، فون نمبر: 22 00 74 00، www.pasient.no





Oversikt over landets kontrollkommisjoner finnes på www.helsedirektoratet.no

Din kontrollkommisjon er:



Helsedirektoratet

Flere eksemplarer kan bestilles hos trykksak på tlf.: 810 20 050

harpun.no – Foto: Finn Ståle Felberg

IS-1335